**25.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں............ اسلم بیگ

**Music**

............................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ آتم نربھرتا اور سودیشی، ملک کی اقتصادی تقدیر کو شکل دینے میں، رہنما اصول ہیں۔

☆ 77ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے دفاع کے میدان میں بھارت کی خودکفالت پر زور دیا ہے، جس سے آپریشن سندور کی تاریخی کامیابی کو طاقت حاصل ہوئی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس سال کے اپنے، پہلے من کی بات پروگرام میں پچھلی دہائی کے مقابلے بھارت کے اسٹارٹ اَپس کے ایکونظام کی یکسر تبدیلی کو اُجاگر کیا ہے۔

☆ حکومت نے 2026 کیلئے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ہے، جن میں پانچ پدم وبھوشن، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری شامل ہیں۔ کیرالہ کے سابق وزیراعلیٰ وی-ایس اچوتانندن اور آزمودہ کار اداکار دھرمیندر کو بعدازمرگ پدم وبھوشن سے نوازا گیا ہے۔ JMM کے بانی شیبو سورین کو پدم بھوشن، پلے بیک سنگر الکا یاگنک، اتراکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ بھگت سنگھ کوشیاری، ملیالم اداکار مموتی اور بینکر اُدے کوٹک اور دیگر شخصیتوں کو تیسرا اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ دیا گیا ہے۔

☆ قومی راجدھانی میں کل کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کی تقریبات مناتے ہوئے ملک کی فوجی طاقت اور مالامال ثقافتی تنوع کو نمایاں کرتے ہوئے عظیم الشان پریڈ کا انعقاد کیا جائے گا۔ یوروپی یونین کی سربراہ اُرسلا فون ڈیر Leyen اور کونسل کی صدر Antonio Luis Santos da Costa مہمان خصوصی ہوں گے۔

............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Rev Prez Address**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج خاص طور پر کہا ہے کہ ملک کی اقتصادی تقدیر کو شکل دینے کے سفر میں، آتم نربھرتا اور سودیشی، رہنما اصول ہیں۔ اُنہوں نے 77 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر بھارت کے نوجوان چھوٹے کاروباریوں، کھیلوں سے متعلق شخصیتوں، سائنسدانوں اور پیشہ ور افراد کی، قوم کو توانائی اور عالمی سطح پر اپنی چھاپ چھوڑنے پر ستائش کی۔

**Prez Self Employment**

صدر جمہوریہ نے اپنے خطاب میں یہ بھی کہا کہ عالمی سطح پر غیریقینی صورتحال کے باوجود بھارت، لگاتار اقتصادی ترقی حاصل کررہا ہے۔ اُنہوں نے خاص طور پر کہا کہ ملک، دنیا کی سب سے تیز رفتاری سے اُبھرتی ہوئی ایک بڑی معیشت ہے۔

**Prez GST**

ہر ایک پر ''ملک مقدم'' اور بھارت کو مزید شاندار بنانے کے جذبے کے ساتھ مل کر کام کرنے پر زور دیتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ یوم جمہوریہ، وطن پرستی کے مضبوط احساس کو مستحکم بنانے کا ایک موقع ہے۔ صدر جمہوریہ نے خاص طور پر کہا کہ دفاع کے میدان میں بھارت کی خودکفالت سے، آپریشن سندور کی تاریخی کامیابی کو تقویت ملی ہے۔

**Prez Op Sindoor**

صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک کی خواتین، ملک کی مجموعی ترقی میں سرگرم تعاون دے رہی ہیں۔ اُنہوں نے خاص طور پر کہا کہ دس کروڑ سے زیادہ خواتین، جو اپنی مدد آپ گروپوں سے وابستہ ہیں، ترقی کے عمل کی، نئے سرے سے وضاحت کررہی ہیں۔

**Prez Women Sports**

صدر جمہوریہ نے کہا کہ کئی خطوں میں تنازعات کے دوران بھارت امن عالم کا پیغام پھیلا رہا ہے۔x

**Prez Gallantry Award**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر مسلح افواج کے 70 اہلکاروں کیلئے بہادری ایوارڈز کی منظوری دی ہے، جن میں 6 ایوارڈز بعد از مرگ دیئے گئے ہیں۔ بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کو ملک کے اعلیٰ ترین امن کے دور کے شجاعت کے ایوارڈ اشوک چکر سے نوازا گیا ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جانے والے پہلے بھارتی بن کر تاریخ رقم کی تھی۔ میجر Arshdeep سنگھ، نائب صوبیدار Doleshwar Subba سنگھ اور گروپ کیپٹن Prashanth Balakrishnan Nair کو Kirti چکر سے سرفراز کیا گیا ہے۔ x

**PM-Mann Ki Baat**

وزیراعظم نریندر مودی نے، ملک کے عوام، خاص طور پر صنعت اور اسٹارٹ اَپس سے وابستہ نوجوانوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ مینوفیکچرنگ میں، کوالٹی پر خاص توجہ دیں۔ جناب مودی آج آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کررہے تھے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت کی معیشت، تیزی سے ترقی کررہی ہے اور دنیا، بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔ اُنہوں نے عوام سے کہا کہ ملک میں جو کچھ بھی تیار کیا جاتا ہے، وہ اُس کی کوالٹی کو بہتر بنانے کا عزم کریں۔

وزیراعظم نے کہا کہ خواہ وہ کپڑے کی صنعتیں ہوں، ٹیکنالوجی ہو، الیکٹرانکس ہو، یا پیکیجنگ ہو، ایک بھارتی پروڈکٹ کا نام ہی اعلیٰ کوالٹی ہونا چاہیئے۔ اُنہوں نے کہا کہ مہارت، ایک پیمانہ ہونی چاہیے۔

جناب مودی نے لال قلعہ سے کئے گئے اپنے اعلان Zero Defect Zero Effect کو دہرایا۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ ایسا کرکے ہی ملک، وِکست بھارت کے سفر کی جانب بڑھنے کے قابل ہوگا۔

### PM Modi on Quality

وزیراعظم نے کہاکہ دس سال پہلے جنوری 2016 میں ملک اسٹارٹ اَپ انڈیا کے آغاز کے ساتھ امنگوں والے اپنے سفر پر روانہ ہوا تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت، دنیا میں تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اَپس ایکو نظام ہے۔

ووٹروں کے قومی دن کے بارے میں جناب مودی نے کہاکہ ایک ووٹر، جمہوریت کی روح ہوتا ہے۔

اُنہوں نے کہاکہ جب کبھی کوئی نوجوان شخص، پہلی بار ایک ووٹر کی حیثیت اختیار کرتا ہے، تو پورے پڑوس، گاؤں یا شہر کو اُسے مبارکباد دینے اور مٹھائیاں تقسیم کرنے کیلئے یکجا ہونا چاہیئے۔

### PM Modi on Youth Voter

وزیراعظم نے اِس کا ذکر کرتے ہوئے کہ کُل قوم، یومِ جمہوریہ منائے گی، انہوں نے کہا کہ اِسی روز آئین نافذ ہوا تھا اور اِس سے عوام کو، آئین کے معماروں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا ایک موقع فراہم ہوتا ہے۔

### PM Modi on 26 January

## Padamshree Awardess

حکومت نے سال 2026 کے لیے 131 پدم ایوارڈز کا اعلان کیا ہے۔ ان ایوارڈز میں پانچ پدم وبھوشن، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری شامل ہیں۔ پدم ایورڈز حاصل کرنے والوں میں 19 خواتین شامل ہیں جبکہ 16 ایوارڈز بعد از مرگ دیے جا رہے ہیں۔ بھارت کے عام شہریوں کی غیر معمولی خدمات کا اعتراف کرنے کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے، اس سال کے پدم ایوارڈز ملک بھر سے تعلق رکھنے والے ایسے گمنام ہیروز کی خدمات کا اعتراف ہے، جنہوں نے مختلف شعبوں میں نمایاں رول ادا کیا ہے۔

پدم ایوارڈز بھارت کے اعلیٰ ترین سول اعزازات ہیں، جن کا اعلان ہر سال یومِ جمہوریہ کے موقع پر کیا جاتا ہے۔

یہ اعزازات تین زمروں میں دیے جاتے ہیں:پدم وبھوشن، غیر معمولی اور ممتاز خدمات کے لیے، پدم بھوشن، اعلیٰ درجے کی ممتاز خدمات جبکہ پدم شری کسی بھی شعبے میں نمایاں خدمات کے اعتراف کے طور پر دیا جاتا ہے۔

بالی ووڈ اداکار آنجہانی دھرمیندر سنگھ دیول کو آرٹس کے شعبے میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں بعد از مرگ پدم وبھوشن ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ کیرالہ کے K تھامس کو عوامی خدمات کے شعبے میں، اتر پردیش کی N Rajam کو آرٹس میں اور کیرالہ کے P نارائن کو ادب کے شعبے میں دوسرا اعلیٰ ترین شہری اعزاز پدم وبھوشن دیا گیا ہے۔ کیرالہ کے سابق وزیر اعلیٰ V.S. اچوتھانندن کو بھی عوامی خدمات کے اعتراف میں بعد از مرگ پدم وبھوشن سے نوازا گیا ہے۔

پدم بھوشن ایوارڈز حاصل کرنے والوں کی فہرست میں گلوکارہ الکا یاگنک، اتراکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ بھگت سنگھ کوشیاری، تمل ناڈو کے Kallipatti Ramasamy Palaniswamy اور کیرالہ کے معروف ملیالم اداکار Mammootty شامل ہیں۔

دیگر اعزاز یافتگان میں تمل ناڈو کے Nori Dattatreyudu، وجے امرت راج اور S.K.M Maeilanandhan شامل ہیں۔ پیوش پانڈے، وی۔ کے۔ ملہوترا اور شیبو سورین کو بھی بعد از مرگ پدم بھوشن سے نوازا گیا ہے۔

113 افراد کو چوتھے اعلیٰ ترین سول اعزاز پدم شری کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ فنون لطیفہ، سماجی خدمات، طب، زراعت، ادب، تعلیم اور کھیل جیسے شعبوں میں نمایاں خدمات کے اعتراف کے لیے دیا جاتا ہے۔

پدم شری ایوارڈز حاصل کرنے والوں میں کرناٹک کے **Anke Gowda** (ادب) مہاراشٹر کی **Armida Fernandez** (طب)، مدھیہ پردیش کے بھگوان داس رائیکوار (کھیل کود)، جموں وکشمیر کے برج لال بھٹ (سماجی خدمات)، چھتیس گڑھ کی **Budhri Tati** (سماجی خدمات) اور اڈیشہ کے چرن **Hembram** (ادب و تعلیم) وغیرہ شامل ہیں۔x

**Republic Day Parade**

قوم، کل 77 واں یومِ جمہوریہ منائے گی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمونئ دِلی میں، کرتویہ پتھ پر اِس دن کی تقریبات منانے میں قوم کی قیادت کریں گی۔
یومِ جمہوریہ کی پریڈ صبح ساڑھے دس بجے شروع ہوگی اور یہ بھارت کے ثقافتی تنوع اور فوجی بہادری کا ایک منفرد امتزاج ہوگی۔
یوروپی کونسل کے صدر انتونیو لوئی سنتوس دا کوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فون ڈیر **Leyen**، یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ ایک رپورٹ:

**V/C: Pallavi Parmar R-Day Parade**

اِس سال کا موضوع ہے: ''سوتنتر کا منتر: وندے ماترم'' اور ''سمردھی کا منتر: آتم نربھر بھارت''۔ پریڈ، وزیراعظم نریندرمودی کے ہاتھوں، نیشنل وار میموریل پر گل دائرہ نذر کرنے کے ساتھ شروع ہوگی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کرتویہ پتھ پہنچیں گی، ایک رسمی مارچ پاسٹ کے دوران سلامی لیں گی، جس میں مسلح فوجوں، نیم فوجی دستوں، امدادی سول دستوں، **NCC** اور **NSS** کی شاخیں بھی شامل ہیں۔ پریڈ میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں، مرکزی سرکار کی وزارتوں اور محکموں کی 30 جھانکیاں پیش کی جائیں گی۔ یہ پریڈ 29 جنگی طیاروں کے ایک فلائی پاسٹ کے ساتھ اختتام پذیر ہوجائے گی۔ اِن طیاروں میں رفال، **SU-30**، سی 295، مِگ 29، اپاچے وغیرہ شامل ہیں۔
پلوی پرمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

**Tully Death**

سینئر صحافی اور معروف براڈکاسٹر **Mark Tully** کا آج نئی دلّی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 90 برس کے تھے۔ **Mark Tully** 24 اکتوبر 1935 کو کولکتہ میں پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے 1960 کی دہائی میں **BBC** میں شمولیت اختیار کی اور بعد میں **BBC** کے بھارت کے نامہ نگار اور پھر نئی دلّی میں **BBC** کے بیورو چیف کے طور پر دو دہائیوں سے زیادہ عرصے تک خدمات انجام دیں۔x

**Shivraj Felicitation Ceremony**

دیہی ترقیات کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ دین دیال انتودیہ یوجنا-قومی دیہی روزگار مشن **NRLM-DAY** کے تحت خواتین اپنی مدد آپ گروپوں کو بارہ لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔
وزیر موصوف نے یہ بات، آج نئی دلّی میں لکھپتی دیدیوں کیلئے **Samriddh Didi se Samriddh Rashtra** کے عنوان سے منعقدہ اعزازی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ حکومت نے ان دیدیوں کو اس سال یومِ جمہوریہ کی تقریب

کیلئے خصوصی مہمانوں کے طور پر مدعو کیا ہے۔x

## Ind US Congress

بھارت اور امریکہ نے آج، بھارت-امریکہ تعلقات، بھارت-بحرالکاہل اور یوکرین تنازعے کے مختلف پہلوؤں پر بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ پارلیمانی تال میل، ہمیشہ ہی، بھارت-امریکہ تعلقات کا ایک اہم پہلو رہا ہے۔x

☆☆☆☆